# ۱۸۔ میرا خاندان اور گھر



**آؤ یہ کرکے دیکھیں!**

خاندان کے لوگوں کی تعداد اور امّی ابّو کے پیشوں کی مدد سے اپنے خاندان کے بارے میں معلومات لکھو۔









- خاندان میں والدین اور ان کے بچّے شامل ہوتے ہیں۔
- اس کے علاوہ کچھ خاندانوں میں دادا دادی بھی ہوتے ہیں۔
- خاندان میں لوگوں کی تعداد الگ الگ ہوسکتی ہے۔

ہم اپنے خاندان میں پیدا ہوتے ہیں، پرورش پاتے ہیں۔ ماں باپ ہمیں چھوٹے سے بڑا کرتے ہیں۔ ہر طرح سے ہمارا خیال رکھتے ہیں۔ خاندان میں ہمیں ہر طرح کا تحفّظ حاصل ہوتا ہے۔ غذا، لباس اور رہن سہن کی تمام ضرورتیں خاندان میں پوری ہوتی ہیں۔ خاندان کے دیگر لوگ بھی ہماری دیکھ بھال کرتے ہیں۔ خاندان کے لوگوں میں آپس میں اپنا پن ہوتا ہے۔ ہمیں پیار اور اپنائیت کی وجہ سے خاندان میں رہنا اچھا لگتا ہے۔ مصیبت کے وقت سب ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں۔ اس بات کا خیال رکھتے ہیں کہ کہیں ہم بیمار نہ پڑ جائیں۔ بیماری کی حالت میں ہمارے والدین ہماری خاص طور پر دیکھ بھال کرتے ہیں۔

## چھوٹا خاندان اور بڑا خاندان

کسی خاندان میں ماں باپ اور ایک یا دو بچّے ہوتے ہیں۔ ایسا خاندان چھوٹا خاندان کہلاتا ہے۔ کسی خاندان میں دادا - دادی، چچا - چچی، سگے اور چچازاد بھائی بہنیں رہتی ہیں۔ ایسا خاندان بڑا خاندان کہلاتا ہے۔

## توسیعی خاندان



اپنے خاندان سے اپنے کئی رشتے دار جڑے ہوتے ہیں۔ چچا، چچی، ماموں، ممانی، پھوپھی، خالہ ہمارے قریبی رشتے دار ہیں۔ ایسا خاندان توسیعی خاندان کہلاتا ہے۔ رشتے داروں کی وجہ سے خاندان پھیلتا ہے۔

توسیعی خاندان میں سب ایک گھر میں نہیں


رہتے لیکن ان لوگوں میں محبّت اور اپنائیت ہوتی ہے۔ الگ الگ موقعوں پر وہ ایک دوسرے سے ملتے رہتے ہیں۔

- تمھارے توسیعی خاندان میں کون کون ہیں؟
- تمھارا ان سے کیا رشتہ ہے؟
- تمھارے توسیعی خاندان میں لوگ کن موقعوں پر ملتے ہیں؟



**آؤ یہ کر کے دیکھیں!**

**شجرۂ نسب :** تیسری جماعت کی طالبہ ریحانہ اپنے گھر میں فوٹو کا البم دیکھ رہی تھی۔ سالگرہ اور شادیوں کی تصویریں دیکھتے ہوئے اسے کچھ چہرے جانے پہچانے اور کچھ اجنبی لگے۔ کچھ تصویروں میں موجود چہرے اسے بار بار ہر طرف دِکھائی دیے۔ ریحانہ نے اپنی امّی سے پوچھا یہ سب لوگ کون ہیں؟ امّی نے جواب دیا یہ سب ہمارے رشتے دار ہیں۔ اس تصویر میں چچا - چچی، ماموں - ممانی، دادا - دادی اور نانا - نانی ہیں۔ ریحانہ نے اپنی امّی سے کہا مجھے اچھی طرح سمجھائیے۔ امّی نے ریحانہ کو سمجھانے کے لیے ایک خاکہ بنایا۔





**ریحانہ کا شجرۂ نسب**

گزرتے زمانے کے ساتھ خاندان کی کئی نسلیں پیدا ہوجاتی ہیں۔ اس طرح نسلوں سے خاندانی نسب نامہ بنتا ہے۔

- اپنے والدین کی مدد سے اپنے خاندان کا شجرہ تیار کرو۔

**خاندانی نظام میں تبدیلی :** وقت کے ساتھ ساتھ خاندانی نظام میں تبدیلی آ رہی ہے۔ کسی زمانے میں دادا - دادی، ماں - باپ، چچا - چچی اور حقیقی اور رشتے کے بھائی ان سب سے مل کر ایک خاندان بنتا تھا۔ اسے مشترک خاندان کہا جاتا تھا۔ سب لوگ ایک ساتھ رہتے تھے۔ ملازمت، کاروبار، تجارت کے سبب ایک خاندان کے افراد الگ الگ مقامات پر رہنے لگتے ہیں۔ اس طرح ان کے الگ خاندان بن جاتے ہیں۔ ایسے خاندانوں کو مُنفَصِل خاندان کہا جاتا ہے۔ اس طرح خاندانی نظام میں تبدیلی ہوتی گئی۔

## خاندان میں ہماری ذمّہ داریاں



گھر کا ہر فرد کام کر رہا ہے۔




ایک ہی فرد کام کر رہا ہے



### آؤ یہ کر کے دیکھیں!

- اپنے گھر کے کاموں کی فہرست بناؤ۔
- تمھارے گھر میں یہ کام کون کون کرتا ہے؟
- تمھیں ان میں سے کون سے کام کرنا پسند ہیں؟
- کیا تمھارے گھر میں لوگ ایک دوسرے کے کام کرتے ہیں؟

پانی بھرنا، کھانا پکانا اور صفائی کسی بھی گھر میں روزانہ کیے جانے والے کام ہیں۔ گھر میں تقریبات ہوتی ہیں، تہوار منائے جاتے ہیں، مہمان آتے ہیں۔ ان کی خاطر مدارات کرنا پڑتی ہے۔ بزرگوں کی صحت کا خیال رکھنا پڑتا ہے۔ گھر میں اس قسم کے بہت سے کام ہوا کرتے ہیں۔ ان کاموں کو سبھوں نے آپس میں بانٹ لینا چاہیے۔ گھر کے کام سبھی مل کر کریں تو کسی ایک پر بوجھ نہیں پڑتا۔ گھر کے سبھی چھوٹے بڑے کام اہم ہوتے ہیں۔ یہ کام محبّت اور اپنائیت سے سبھی کرتے ہیں۔ یہ بات ہم سب جانتے ہیں۔



### آؤ یہ کر کے دیکھیں!

## گھر کی صفائی اور آرائش

گھر کی صفائی اور آرائش کے لیے کون سے کام کرنے پڑتے ہیں، ان کی فہرست بناؤ۔



سامان بکھرا ہوا گھر



سلیقے سے سجایا گھر

- اوپر دی ہوئی دونوں تصویروں میں تمھیں جو فرق نظر آ رہا ہے اپنی بیاض میں لکھو۔

اپنا گھر اگر صاف ستھرا اور سلیقے سے رکھا ہو تو ہمیں خوشی ہوتی ہے۔ گھر میں ہر طرف سامان بکھرا پڑا ہو تو کسی کو ضرورت کی کوئی چیز وقت پر نہیں ملتی۔ گھر کو صاف ستھرا رکھنا خاندان کے سبھی لوگوں کی ذمہ داری ہے۔ گھر کا کچرا یہاں وہاں نہ پھینکیں۔ اسے کچرے کی خاص ٹوکری ہی میں ڈالیں۔ کچرا گھر کے باہر تو بالکل نہ پھینکیں۔ اس سے اپنے ماحول کو صاف رکھنے میں مدد ملے گی۔

### اسے ہمیشہ ذہن میں رکھیں!

- گھر کا گیلا اور خشک کچرا الگ کرو۔ اُسے دو الگ الگ ٹوکریوں میں ڈالو۔ گیلے کچرے سے کھاد تیار کی جاسکتی ہے۔ سوکھے کچرے سے کاغذ، شیشہ اور ٹین الگ کیے جاسکتے ہیں۔ ان کا دوبارہ استعمال کیا جاسکتا ہے۔

### کیا تمھیں معلوم ہے ؟

موبائل، سی ڈی، ڈی وی ڈی، پین ڈرائیو، اسی طرح کمپیوٹر وغیرہ الیکٹرانک اشیا کا استعمال بڑے پیمانے پر ہونے لگا ہے۔ یہ چیزیں خراب ہوجائیں تو ہمیشہ کے لیے بے کار ہو جاتی ہیں۔ ان بے کار چیزوں کا جو کچرا جمع ہوتا ہے اسے 'ای- کچرا' کہا جاتا ہے۔ ای- کچرا ٹھکانے لگانا ایک بڑا مسئلہ ہے۔

### آؤ یہ کر کے دیکھیں!

#### آؤ گھر سجائیں

- سب مل کر طے کرو کہ گھر کی آرائش کس طرح کی جائے۔
- آرائش کا جو کام تمھارے لیے ممکن نہ ہو اس کے لیے گھر کے بڑوں کی مدد لو۔
- آرائش کے لیے تم نے کون سی چیزیں استعمال کیں؟

گھر کی آرائش کے لیے کن چیزوں کا زیادہ استعمال نہ کیا جائے ان کے نیچے × کا نشان بناؤ اور بتاؤ کہ ان کا استعمال کیوں نہ کریں۔

| پھول | تھرماکول | پلاسٹک | جھنڈیاں | رنگولی | کیمیائی رنگ |
|---|---|---|---|---|---|
| ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |




### بتاؤ تو بھلا!

#### تہوار - تقریب

- ہم تہوار-تقریب کیوں مناتے ہیں؟
- ہمارے تہوار- تقاریب کن چیزوں سے تعلّق رکھتے ہیں؟

ہم خاندان میں کئی تہوار مناتے ہیں۔ خاندان کے علاوہ ہمارے ملک کے مختلف علاقوں میں الگ الگ تہوار منائے جاتے ہیں۔ زراعت ہمارے ملک کا ایک اہم پیشہ ہے۔ ہمارے اکثر تہوار زراعت اور ماحول سے تعلق رکھتے ہیں۔ ہولی موسمِ بہار کے استقبال کا تہوار ہے۔ پنجاب میں فصلوں کی کٹائی کے موقع پر 'بیساکھی' کا تہوار منایا جاتا ہے۔ مہاراشٹر میں بوائی کے بعد بیلوں کا 'پولا' منایا جاتا ہے۔ تامل ناڈو میں پونگل اور کیرلا میں اونم کے تہوار فصل کی کٹائی کے موقع پر منائے جاتے ہیں۔ دسہرہ، دیوالی، گڑی پاڑوا یہ تہوار کھیتوں کی فصل ہاتھ آنے کے بعد منائے جاتے ہیں۔

عید الفطر، عید الاضحیٰ، کرسمس، بودھ پورنیما اہم تہوار ہیں۔ تہوار کوئی بھی ہو سبھی بھارتی ان میں خوشی خوشی حصّہ لیتے ہیں۔ ایک دوسرے کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔



'یومِ آزادی' اور 'یومِ جمہوریہ' ہمارے قومی تہوار ہیں۔ سب شہری انھیں مناتے ہیں۔ ۱۵/ اگست ۱۹۴۷ء کو ہمارا ملک انگریزوں کی غلامی سے آزاد ہوا تھا۔ اسی لیے اسے 'یومِ آزادی' کے طور پر منایا جاتا ہے۔ بھارتی آئین ۲۶/ جنوری ۱۹۵۰ء سے نافذ کیا گیا، اس لیے اسے 'یومِ جمہوریہ' کے طور پر منایا جاتا ہے۔

تہواروں کے سبب لوگ ایک جگہ جمع ہوتے ہیں۔ ان میں اتحاد کا جذبہ بڑھتا ہے۔ برادرانِ وطن کے بعض تہواروں میں ناچ گانا، رنگولی، کھیل اور مقابلے ہوتے ہیں۔ ان سب سے ہمیں خوشی حاصل ہوتی ہے۔ تہوار-تقریب کو مناتے وقت اس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ اس سے ہمارے ماحول کو نقصان نہ پہنچے۔ تیز آواز میں گانے بجانے سے بوڑھوں اور بچوں کو تکلیف ہوتی ہے۔ تیز آواز کے سبب آواز کی آلودگی ہوتی ہے۔



### کیا تمھیں معلوم ہے؟

مہاراشٹر میں کئی ادی واسی جماعتیں ہیں۔ ضلع تھانہ میں 'وارلی' نامی ادی واسی جماعت ہے۔ جیشٹھ مہینے میں بارش کی ابتدا میں یہ لوگ 'کولی بھاجی' (نرم سبزی) نامی ایک خاندانی تہوار مناتے ہیں۔ کولی جنگلی نباتات کی ایک قسم ہے جسے سبزی کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ بارش شروع ہونے کے بعد یہ نباتات اُگتی ہے۔ خاندانوں کے لوگ آس پاس کے علاقوں سے تازہ نرم کولی جمع کرکے لاتے ہیں۔ سبزی پکا کر خاندان کے سب لوگ مل کر کھاتے ہیں۔

## کیا تمھیں معلوم ہے ؟

مکر سنکرانتی سردیوں میں منایا جاتا ہے۔ اس دن دوست اور رشتے دار ایک دوسرے کو 'تِل گُڑ' دیتے ہیں۔ تِل سردیوں میں پیدا ہونے والی ایک اہم فصل ہے۔ سردی کے موسم میں جسم کی گرمی قائم رکھنے کے لیے تِل کھانا مفید ہے۔

## ہم نے کیا سیکھا ؟

* خاندان میں ہمیں ہر طرح کا تحفّظ حاصل ہوتا ہے۔
* چھوٹا خاندان، بڑا خاندان اور توسیعی خاندان یہ خاندان کی قسمیں ہیں۔
* کئی نسلوں کا شجرۂ نسب تیار کیا جاسکتا ہے۔
* گھر کے سبھی چھوٹے بڑے کام اہم ہوتے ہیں۔
* اپنا گھر اور اس کے آس پاس کا علاقہ صاف سُتھرا رکھنا چاہیے۔
* ہمارے اکثر تہوار زراعت اور ماحول سے تعلّق رکھتے ہیں۔
* 'یومِ آزادی' اور 'یومِ جمہوریہ' ہمارے قومی تہوار ہیں۔
* تہوار-تقریب سے لوگوں میں اتّحاد کا جذبہ بڑھتا ہے۔
* تہوار-تقریب میں ہم لوگوں سے ملتے ہیں۔ آپس میں بات چیت کرتے ہیں۔ ایک دوسرے کے سہارے اور ہمّت کا احساس پیدا ہوتا ہے۔

## مشق

**۱۔ نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھو :**

(۱) خاندان میں ہماری کون کون سی ضرورتیں پوری ہوتی ہیں؟

(۲) بیماری کی حالت میں ہماری دیکھ بھال کون کرتا ہے؟

(۳) توسیعی خاندان کے لوگ کب ایک جگہ جمع ہوتے ہیں؟

(۴) برادرانِ وطن کے بعض تہواروں پر کیا ہوتا ہے؟

**۲۔ نیچے دیے ہوئے جملے صحیح ہیں یا غلط، لکھو :**

(۱) مصیبت کے وقت ہمیں ایک دوسرے کی مدد کرنا چاہیے۔ [ ]

(۲) گھر کے تمام کام مل بانٹ کر کرنا چاہیے۔ [ ]

(۳) کچرے کو کچرا ٹوکری میں نہ ڈالیں۔ [ ]

(۴) آواز کی آلودگی پیدا ہو اتنی تیز آواز میں گانے نہ بجائیں۔ [ ]

JJYKID

## سرگرمی

(۱) دادا - دادی کے زمانے کے زیورات اور برتنوں کی فہرست بناؤ۔ ان کی تصویریں بھی بناؤ۔

(۲) مختلف تہوار - تقریب کے ساتھ جڑی کہانیوں کے بارے میں اپنے استاد یا والدین سے معلومات حاصل کرو۔

***